# مِڈل فرینچ ایمرژن

## مڈل ایمرژن پروگرام کے فوائد

مڈل فرانسیسی ایمرژن پروگرام کسی بھی زبان کے پس منظر والے طلباء کو فرانسیسی زبان میں اعلٰی درجے کی مہارت پیدا کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس طرح سے دوسری زبان کا مطالعہ طلباء کو بہت سارے دیگر فوائد فراہم کرتا ہے جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- ✔ دوسری زبان میں تعلیم حاصل کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ غالب زبان میں طلباء کی صلاحیتوں کو بڑھانا ہے۔
- ✔ زبان سیکھنا علمی فوائد جیسے کہ اعلٰی ترقی یافتہ سوچ اور سیکھنے کی مہارتوں کی پیشکش کرتا ہے جنہیں طلباء اپنی تعلیم کے تمام شعبوں پر لاگو کرتے ہیں۔
- ✔ ایک سے زیادہ زبانوں میں مہارت طلباء کیلئے مستقبل میں دروازے کھول دیتی ہے۔
- ✔ دو زبانیں جاننے والے طلباء مجموعی طور پر مضبوط کمیونیکیشن مہارتیں پیدا کر لیتے ہیں اور اضافی زبانیں زیادہ آسانی سے سیکھ سکتے ہیں۔

## مڈل فرینچ ایمرژن کیا ہے؟

مڈل فرانسیسی ایمرژن بحیثیت ثانوی زبان کا پروگرام ایک کامل فرانسیسی زبان ہے۔ یہ پروگرام گریڈ 4 میں شروع ہوتا ہے۔ مڈل فرانسیسی ایمرژن پروگرام کیلئے انسٹرکشن کا ماڈل گریڈ 4 اور 5 کیلئے 100% فرانسیسی انسٹرکشن میں ہے۔ گریڈ 4 اور 5 میں کلاس کی تمام سرگرمیاں فرانسیسی میں کی جاتی ہیں۔ گریڈ 6 سے 8 میں، فرانسیسی انسٹرکشن کا 75% ماڈل فرانسیسی میں ہے۔ تمام مضامین انگریزی زبان اور سائنس کے علاوہ فرانسیسی زبان میں پڑھائے جائیں گے۔ اگر ٹائم ٹیبلنگ کی وجہ سے ضرورت پڑی، تو ایک اسپیشلسٹ مضمون (مثلاً، ہیلتھ اور فزیکل ایجوکیشن) انگریزی میں پڑھائے جا سکتے ہیں۔

## درخواست کی معلومات

مڈل فرینچ ایمرژن کے پروگرام اور درخواست کے طریق کار کے بارے میں معلومات کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں
www.tdsb.on.ca/French

اس وقت، مڈل فرانسیسی ایمرژن پروگرام کیلئے درخواست کا وقت ہر سال **جنوری** میں ہے۔ کسی مخصوص سال کیلئے درخواست کی آخری تاریخ کے بارے میں معلومات کیلئے براہِ مہربانی ستمبر کے شروع میں ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ جبکہ تمام وقت پر درخواستیں دینے والے اہل درخواست گزاروں کو داخلے کی ضمانت دی جاتی ہے، مگر کسی مخصوص اسکول میں داخلے کی کوئی ضمانت **نہیں** دی جاتی۔

## مڈل فرینچ ایمرژن کس کیلئے ہے؟

- ✔ ایسے خاندانوں کیلئے تیار کیا گیا ہے جو گھر پر فرانسیسی کے علاوہ کوئی اور زبان بولتے ہیں۔
- ✔ گریڈ 3 کے انگریزی پروگرام میں شامل تمام طلباء گریڈ 4 میں شروع کرنے کیلئے درخواستیں دینے کے اہل ہیں۔
- ✔ ہم یقینِ کامل رکھتے ہیں کہ تمام طلباء دوسری زبان سیکھنے کے اہل ہیں اسلئے سیکھنے کے تمام انداز اور زبانوں کے پسِ منظر والے طلباء کی اس پروگرام میں تائید اور خیر مقدم کیا جاتا ہے۔
- ✔ مڈل فرانسیسی ایمرژن پروگرام ان خاندانوں کیلئے موزوں ہے جو فرانسیسی زبان میں مہارت پیدا کرنے کے مواقع میں دلچسپی رکھتے ہیں، لیکن شائد ابتدائی فرانسیسی ایمرژن کے داخلے کے بعد ٹی ڈی ایس بی میں منتقل ہو گئے ہوں۔
- ✔ یہ ان لوگوں کیلئے بھی موزوں ہے، جو کسی بھی وجہ سے، جب ان کا بچہ تھوڑا سا بڑا ہو جائے، تو فرانسیسی ایمرژن کا موقع حاصل کرنے پر غور کرنا چاہتے ہیں۔

# تحقیق کیا کہتی ہے؟

اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ فرینچ ایمرژن پروگراموں میں داخلہ لینے والے طلباء نے پڑھائی کی کارکردگی میں غیر ایمرژن والے پروگراموں میں پڑھنے والے اپنے ساتھیوں سے بہتر کارکردگی کا مظاہر کیا۔
https://www150.statcan.gc.ca/n1/daily-quotidien/040322/dq040322a-eng.htm

"کسی زبان میں 'ایمرژن' کی ایک انتہائی خوراک عام طور پر اسے سیکھنے کیلئے اسی خوراک کو ایک طویل وقت پر پھیلانے سے زیادہ مؤثر ہوتی ہے۔"
[ویش، 2002ء (Weshce, 2002)]

کینیڈا کے مختلف حصوں کی تحقیقات میں ای ایف آئی یا ایم ایف آئی ایلیمینٹری اسکول کے ایمرژن والے طلباء کے جب انگریزی میں ٹیسٹ لئے گئے تو ریاضی، سائنس اور معاشرتی علوم میں ان کی کامیابی پر کوئی منفی اثرات نہیں پائے گئے۔ (ویش، 2002ء)

"ایف آئی میں طلباء فرانسیسی زبان میں اعلٰی مہارتیں حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اسکول کے مواد (سائنس، معاشرتی علوم، ریاضی وغیرہ) میں اسی طرح کے انگریزی زبان میں اس مواد کو پڑھنے والے طلباء کے برابر مہارت حاصل کرتے ہیں۔"
(ویش، 2002ء)

ثانوی زبان کی مہارتیں اکثر اعلٰی قدر و قیمت والی ہوتی ہیں جن کی ممکنہ ایمپلائر توقع رکھتے ہیں۔
(اوبرائن، 2017ء)

اگرچہ ممکن ہے کہ کسی بچے کی مادری زبان معاشرتی نہ ہو، بچے کامیابی سے ایک اضافی زبان سیکھ سکتے ہیں، جیسے کہ فرانسیسی، جبکہ وہ ساتھ ہی ساتھ انگریزی بحیثیت ثانوی زبان بھی سیکھ رہے ہوں۔
[اوبرائن، 2017ء (O’Brien, 2017)]

ایک مطالعہ جو 50% پروگرام کا 80% فرانسیسی پروگرام سے موازنہ کرتا ہے، سے پتہ چلتا ہے کہ فرانسیسی ایمرژن کے پروگرام میں فرانسیسی میں ریاضی کی تعلیم دے کر فرانسیسی کی شدت میں اضافہ ریاضی میں کامیابی پر مثبت اثر کے ساتھ مضبوطی سے وابستہ ہے۔ [بورناٹ - ٹرائٹس اینڈ ریڈر، 2001ء (Bournot-Trites & Reader, 2001)]


**کتابیات**

Bournot-Trites & Reader (2001) Interdependence Revisited: Mathematics Achievement in an Intensified French Immersion program, Canadian Modern Languages Review (58/1) September.

Wesche, M.B. (2002) Early French Immersion: How has the original Canadian model stood the test of time? An Integrated View of Language Development, Petra Burmeister, Thorsten Piske, and Andreas Rohde (Eds), WVT Wissenschaftlicher Verlag Trier www.fmks-online.de/_wd_showdoc.php?pic=865.

Statistics Canada, (2004) Student Reading Performance in Minority Language Schools. https://www150.statcan.gc.ca/n1/daily-quotidien/040322/dq040322a-eng.htm

O’Brien (2017) Literature Review on the Impact of Second Language Learning, Canadian Association of Second Language Teachers https://www.caslt.org/files/pd/resources/research/Lit-review-Impact-L2-Learning-Exec-Summary.pdf